**LESSON BASED ASSESSMENT 2026-27**

جماعت : 5 | یونٹ ٹسٹ-1: حمد، رحمتِ عالم ﷺ | نشانات : 5+10=15

مضمون : اُردو | نام : | وقفہ :40منٹ

---

I: زبانی سوالات۔ (1 × 5 = 5 Marks)

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | اللہ کی جوت کہاں کہاں دکھائی دیتی ہے؟ | | 2 | اکیلوں کا رکھوالا کون ہے؟ | |
| 3 | معراج کا واقعہ کب پیش آیا؟ | | 4 | حضرت محمد ﷺ نے کتنے برس کی عمر میں رحلت فرمائی؟ | |
| 5 | دادا عبدالمطلب کے انتقال کے بعد حضور ﷺ کی پرورش کس نے کی؟ | | | | |

II: مناسب الفاظ سے خانہ پری کرو۔ (سہارا، تجارت، پردار، 12 ربیع الاول) (1 × 4 = 4 Marks)

6) بے پر اور __________ کے مالک۔

7) دکھ میں __________ دینے والے۔

8) حضرت محمد ﷺ __________ کو شہر مکہ میں پیدا ہوئے۔

9) عرب میں شریف لوگوں کا پیشہ __________ تھا۔

III- درج ذیل سوالات کے جوابات ایک ایک جملے میں لکھیے۔ (1 ×6= 6 Marks)

10) اے ساری دنیا کے مالک کس کو کہا گیا ہے؟

11) شاعر نے کس کی تعریف کی ہے؟

12) اندھیرے گھر میں اجالا کون لاتا ہے؟

13) حضرت محمد ﷺ کے والدین کے نام لکھیے؟

14) حضرت محمد ﷺ کے دادا کا نام کیا تھا؟

15) کس عمر میں اللہ نے آپ ﷺ کو اپنا رسول بنایا؟

# Key Answers

## زبانی سوالات(زبانی امتحان)

1. اللہ کی جوت کہاں کہاں دکھائی دیتی ہے؟

جواب:اللہ کی جوت جل اور تھل (یعنی ہر جگہ) دکھائی دیتی ہے۔

2. اکیلوں کا رکھوالا کون ہے؟

جواب:اکیلوں کا رکھوالا اللہ تعالیٰ ہے۔

3. معراج کا واقعہ کب پیش آیا؟

جواب:معراج کا واقعہ نبوت کے بارہویں (12 ویں) سال پیش آیا۔

4. حضرت محمد ﷺ نے کتنے برس کی عمر میں رحلت فرمائی؟

جواب: آپ ﷺ نے 63 برس کی عمر میں رحلت فرمائی۔

5. دادا عبد المطلب کے انتقال کے بعد حضور ﷺ کی پرورش کس نے کی؟

جواب: آپ ﷺ کے چچا حضرت ابو طالب نے حضور ﷺ کی پرورش کی۔

6- پردار۔ 7- سہارا۔ 8- 12 ربیع الاول 9- تجارت

10. اے ساری دنیا کے مالک کس کو کہا گیا ہے؟

جواب:اے ساری دنیا کے مالک اللہ تعالیٰ کو کہا گیا ہے۔

11- جواب:شاعر نے اللہ تعالیٰ کی تعریف کی ہے۔

12. جواب:اندھیرے گھر میں اجالا اللہ تعالیٰ لاتا ہے۔

13. جواب: آپ ﷺ کے والد کا نام حضرت عبد اللہ اور والدہ کا نام بی بی آمنہ تھا۔

14. حضرت محمد ﷺ کے دادا کا نام کیا تھا؟

جواب: آپ ﷺ کے دادا کا نام عبد المطلب تھا۔

15. کس عمر میں اللہ نے آپ ﷺ کو اپنا رسول بنایا؟

جواب:40 سال کی عمر میں اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو رسول بنایا۔